27057 ـ عورت نے نذر مانی لیکن اسے یہ یاد نہیں کہ اس کا قصد مسلسل تھا یا ایک بار

سوال

جب میں ابھی چھوٹی لیکن بالغ تھی، اور طبعا دینی علم بہت زیادہ نہیں رکھتی تھی، اور نذر کے انجام سے بے خبر اور خیر و بھلائی سے محبت کرنے کے اسباب کو نہیں جانتی تھی، میں نے کئی ایک نذریں مانیں، لیکن مجھے علم نہیں کہ میں نے نذر یہ مانی تھی کہ موت تک یہ فعل کرتی رہوں گی یا میری نیت یہ تھی، اب میں اس سے نکلنا چاہتی ہوں اور اس طرح کا کام دوبارہ نہیں کرنا چاہتی، اگر کوئی اس سے نکلنے کا طریقہ ہے تو آپ سے گزارش ہے کہ اسے بیان کردیں ؟
اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے.

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر نذر کے تسلسل میں شك و شبہ ہو تو اصل بری الذمہ ہونا ہے، تو نذر مانی ہو کو ایک بار پورا کرنے سے بری الذمہ ہو جائےگا، یہ علم میں رہے کہ نذر ماننا مکروہ ہے، بلکہ اس سے تو بخیل سے نکالا جاتا ہے، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمایا ہے، کہ نذر کوئی خیر نہیں لاتی، لیکن جب نذر اطاعت و فرمانبرداری میں مانی گئی ہو تو اس کا پورا کرنا واجب ہے.